# معمر افراد اور اسلام کی روشن تعلیمات

مولانا محمد طارق نعمان گڑنگی

**دینِ اسلام ایک آفاقی اور همه گیر دین هے، جس میں زندگی گزارنے کے تمام تر طریقے اور انسانی ضروریات کی تکمیل کی مکمل تفصیلات ملتی هیں۔ حقوق انسانی کی جتنی رعایت اور احترام کی تاکید همیں دینِ اسلام میں ملتی هے وه دوسرے مذاهب میں کهیں نهیں ملتی پهر حقوق انسانی میں بطور خاص معمر افراد کے حقوق کا معامله درپیش هو تو اسلام کا رویه محض عدل و انصاف تک محدود نهیں رهتا بلکه سراسر احسان پر مبنی قرار پاتا هے۔**



ہمارا دین اس قدر خوب صورت اور آسان ہے کہ یہ عمر رسیدہ افراد کی خدمت اور ان کی عزت وتکریم کو باعث برکت قرار دیتا ہے۔

حضور نبی اکرم ﷺ کی حیات مبارکہ کا بغور مطالعہ کرنے سے پتا چلتا ہے کہ آپ ﷺ عمر رسیدہ افراد کا بے حد ادب و احترام فرمایا کرتے تھے جس کی ایک جھلک ہمیں فتح مکہ کے بعد رونما ہونے والے حیرت انگیز واقعات میں نظر آتی ہے، جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے بوڑھے والد آپ ﷺ وسلم کے دستِ مبارک پر اسلام قبول کرنے کے لیے مجلس میں لائے گئے تو آپ ﷺ نے ان کی تعظیم میں کیا الفاظ ارشاد فرمائے۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں اپنے والد محترم حضرت ابو قحافہ رضی اللہ عنہ کو حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں لایا تو آپ ﷺ نے فرمایا: آپ اپنے والدِ بزرگوار کو گھر میں ہی رکھتے، میں خود وہاں آجاتا۔

(حاکم، المستدرک، **3**:**272**، رقم: **5065**)

یہ عمر رسیدہ افراد کی عملی قدردانی ہے، جس کا آپ ﷺ ثبوت فراہم کر رہے ہیں۔ آپؐ نے ان کی تعظیم کرتے ہوئے یہ تصور نہ کیا کہ ابوقحافہ ایک طویل عرصہ تک کفر کی حالت میں رہے، اب کفر مغلوب ہوا تو وہ مسلمان ہو رہے ہیں۔ بعض دفعہ انسان سابقہ اختلاف کی وجہ سے کسی کی تعظیم وتکریم سے کتراتا ہے؛ حالاں کہ اس میں ان لوگوں کے لیے اسوہ ہے کہ سن رسیدہ کی ہر صورت تعظیم کی جائے۔ آپ ﷺ نے بزرگوں کی تعظیم کو اجلال الٰہی کا حصہ قرار دیا ہے۔

بوڑھے مسلمان کی تعظیم، اللہ کی تعظیم

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بوڑھے مسلمانوں کی تعظیم کرنا اللہ تعالیٰ کی تعظیم کا حصہ ہے۔

(ابوداود، السنن، کتاب الادب، باب فی تنزیل الناس منازلہم، **4**:**261**، رقم: **4843**)

اسی طرح بزرگوں کی عزت وتکریم کی عظمت کے بارے میں حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: بے شک میری امت کے معمر افراد کی عزت وتکریم میری بزرگی وعظمت سے ہے۔ (کنزالعمال، **3**:**17**، رقم: **3106**)

بوڑھوں کا نماز میں بھی خیال رکھنا

حضور نبی اکرم ﷺ کے سن رسیدہ افراد کے ساتھ احساس ہم دردی کی اس سے بڑی مثال کیا ہوسکتی ہے کہ باجماعت نماز میں عمر رسیدہ افراد کی موجودگی کی وجہ سے قرآت میں تخفیف کی تاکید فرماتے جیسا کہ حدیث مبارک سے ثابت ہے۔ حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک شخص عرض گزار ہوا: یارسول اللہ! خدا کی قسم، میں صبح کی نماز سے فلاں کی وجہ سے رہ جاتا ہوں جو ہمیں لمبی نماز پڑھاتے ہیں۔ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو نصیحت کرنے میں اس روز سے زیادہ ناراض نہیں دیکھا۔

فرمایا تم میں سے کچھ لوگ نفرت دلانے والے ہیں۔ پس جو تم میں سے لوگوں کو نماز پڑھائے تو ہلکی پڑھانی چاہیے کیوں کہ ان میں کم زور، بوڑھے اور ضرورت مند بھی ہوتے ہیں۔

(بخاری، **1**:**248**، رقم: **670**)

سماجی اور معاشرتی معاملات میں بڑوں کی تکریم

حضرت حسن بن مسلم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یہ اللہ کے جلال اور بزرگوں کی تعظیم میں سے ہے کہ اس مسلمان کی تعظیم کرنا جس کے بال سفید ہو چکے ہیں۔

(بیہقی، شعب الایمان، **7**: **460**، رقم: **10987**)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تمہارے بڑوں کے ساتھ ہی تم میں خیر وبرکت ہے۔

(المستدرک، **1**:**131**، رقم: **210**)

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں ایک پیالہ پیش کیا گیا تو آپ نے اس میں سے نوش فرمایا اور آپ کے دائیں جانب ایک نوعمر لڑکا تھا اور بائیں جانب عمر رسیدہ حضرات تھے۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے لڑکے! کیا تم اجازت دیتے ہو کہ میں یہ عمر رسیدہ لوگوں کو دے دوں۔

(بخاری، **2**:**829**، رقم: **2224**)

اس حدیث مبارک میں غور طلب امر یہ ہے کہ آپ ﷺ نے معمر افراد کے بائیں جانب بیٹھے ہونے کے باوجود اس بات کی کوشش کی کہ مشروب کا آغاز بڑوں ہی سے ہو، اس کے لیے بچے سے اجازت بھی مانگی۔ مذکورہ احادیث مبارکہ سے عمر رسیدہ افراد کی عزت وتکریم کا درس ہمیں اسوہ رسالت مآب ﷺ سے ملتا ہے۔

حضور نبی اکرم ﷺ نے ہر طرح کے معاشرتی معاملات میں بھی بڑوں کی تکریم اور ان کے ادب و احترام کا حکم دیا ہے۔

درج بالا احادیث مبارکہ سے یہ بات بخوبی واضح ہوجاتی ہے کہ آپ ﷺ نے ہر موقع پر بوڑھوں کا لحاظ فرمایا اور ان کا اکرام آپ ﷺ نے انسانیت کی بنیاد پر کیا، ہر قسم کی رشتے داری اور تعلق سے بالاتر ہوکر آپ ﷺ نے ہر سن رسیدہ کے اکرام کو ترجیح دی۔

حضور نبی اکرم ﷺ نے جہاں معاشرتی، اخلاقی اور معاشی حقوق کی ادائی کا حکم دیا ہے، وہاں بالخصوص عمر رسیدہ افراد کو بہت سے حقوق بھی دیے ہیں۔ انہیں قابل عزت وتکریم اور باعث برکت ورحمت قرار دیا گیا ہے۔

رب کا انعام اپنے بوڑھے بندے پر

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جب مسلمان بندہ چالیس سال کا ہوجاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس سے تین طرح کی بلائیں دور کر دیتا ہے، جنون، کوڑھ اور برص اور جب پچاس سال کا ہوجاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے حساب میں تخفیف کر دیتا ہے اور جب ساٹھ سال کا ہوجاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے اپنی طرف جھکنا نصیب فرماتا ہے اور جب ستر سال کی عمر کا ہوجاتا ہے تو آسمان والے اس سے محبت کرنے لگتے ہیں اور جب اسی سال کا ہوجاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی نیکیاں ثابت رکھتا ہے اور اس کی برائیاں مٹا دیتا ہے اور جب نوے سال کا ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے اگلے پچھلے گناہ معاف فرماتا ہے اور اس کے گھرانے کے آدمیوں کے بارے میں اسے شفاعت کرنے والا بناتا ہے اور آسمانوں میں لکھ دیا جاتا ہے کہ یہ اللہ کی زمین میں اس کا قیدی ہے اور اس کے گھر والوں کے حق میں اس کی سفارش قبول فرماتے ہیں۔

(مسند احمد بن حنبل، **3**:**127**، رقم: **13303**)

عہد خلافت راشدہ اور عمر رسیدہ لوگ

عہد رسالت مآب ﷺ کے علاوہ عہد خلافت راشدہ میں بھی عمر رسیدہ افراد کے حقوق کا خصوصی خیال رکھا گیا اور انہیں کئی مراعات دی گئیں۔ جو بوڑھے افراد کام کاج کے قابل نہیں تھے ان کے لیے وظائف مقرر کر دیے جاتے۔ مسلمانوں کے علاوہ غیر مسلم عمر رسیدہ افراد کی بھی امداد کی جاتی، جس کا عہد فاروقی کی درج ذیل مثال سے واضح اندازہ ہوتا ہے۔

ایک بار حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ ایک جگہ سے گزر رہے تھے، دیکھا کہ ایک نابینا بوڑھا بھیک مانگ رہا ہے۔ آپ نے بھیک مانگنے کا سبب دریافت کیا تو اس نے کہا الجزی والحاج یعنی جزیہ اور معاشی ضروریات نے مجبور کر دیا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کا ہاتھ پکڑا اور اپنے گھر لے جا کر کچھ عطا کیا پھر بیت المال میں لے جا کر خزانچی کو حکم دیا انظر ہذا واضربا ہ یعنی یہ اور اس قسم کے دوسرے حاجت مندوں کی تفتیش کرو یہ انصاف نہ ہوگا کہ ہم نے جوانی میں ان سے فائدہ اٹھایا اور اب بڑھاپے میں ہم ان کو بھول جائیں۔

الغرض اس کا اور اس قسم کے دوسرے معززین کا بیت المال سے وظیفہ جاری ہوگیا اور ان سے جزیہ ساقط ہوگیا۔ (ابوعبیدہ قاسم، کتاب اموال: **57**، رقم: **413**)

دور حاضر کی نوجوان نسل کو دین اسلام کی تعلیمات اور عملی مثالوں کے ذریعے طبقات انسانی بالخصوص معمر افراد کی تکریم کے لیے راہ نمائی فراہم کرنے کی ضرورت ہے، تاکہ وہ اسوہ رسول ﷺ پر عمل پیرا ہوکر انسانیت کے اس اہم طبقے کے ساتھ نرم گفتاری، حسن سلوک اور جذبہ خیر خواہی اختیار کریں۔ ان کے حقوق احسن طریقے سے پورے کریں۔

**ضعیف العمری کے باعث چڑچڑاپن فطری تقاضا هے، لهذا بوڑهوں کی خلاف مزاج باتوں پر تحمل اور برداشت اختیار کریں اور صرف نظر کریں تاکه گهر اور معاشره دونوں امن و آشتی کا گهواره بن سکیں۔**

اللہ تعالیٰ ہمارے معاشرے کو ضعیف العمر اشخاص کی قدر و منزلت پہچاننے کی توفیق عطا فرمائے (آمین)

